بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

ضروری اعلان

تمام ملحقہ مدارس کے پرنسپل/صدر مدرس/طلباوطالبات اور گارجین حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ درجہ وسطانیہ/فوقانیہ اور مولوی امتحانات۔2027 کا رجسٹریشن کم امتحان فارم جملہ کاغذات آن لائن درج ذیل متعینہ تاریخ کے مطابق پُر کئے جائیں گے۔

1۔ درجہ وسطانیہ رجسٹریشن کم امتحان فارم 01 جولائی 2026 سے 31 اگست 2026 تک۔

2۔ درجہ فوقانیہ ومولوی کا رجسٹریشن فارم 01 جولائی 2026 سے 16 اگست 2026 تک۔

3۔ فوقانیہ کا رجسٹریشن فارم وسطانیہ سند کی بنیاد پر اور مولوی کا رجسٹریشن فارم فوقانیہ کی سند کی بنیاد پر پُر کیا جائے۔طلباوطالبات کے نام ان کے والد اور والدہ کے نام وتاریخ پیدائش میں فرق نہیں ہونا چاہئے۔اس کے علاوہ بغیر وسطانیہ پاس کئے فوقانیہ کا فارم نہیں بھرا جاسکتا ہے۔

4۔ فوقانیہ/مولوی میں ویسے ہی امیدوار کو Sentup کیا جائے جن کی حاضری کم از کم 75 فیصد ہو۔

5۔ مورخہ۔31-03-2027 تک وسطانیہ کیلئے امیدوار کے عمر کی حد کم از کم 12 سال اور فوقانیہ کیلئے کم از کم 14 سال ہونا لازمی ہے۔

6۔ مدرسۃ البنات سے صرف لڑکیوں کا ہی فارم قبول کیا جائے گا۔

فیس کی تفصیل برائے درجہ وسطانیہ تا مولوی درج ذیل ہیں		
نمبر شمار	درجات کی تفصیل	متعین فیس
1	وسطانیہ رجسٹریشن کم امتحان فارم	600 روپئے فی امیدوار
2	فوقانیہ ومولوی رجسٹریشن	200 روپئے فی امیدوار

رجسٹریشن وامتحان فارم کیلئے مدرسہ بورڈ کے ویب سائٹ **bsmeb.org** پر الگ الگ لنک موجود ہے۔جس کے توسط سے امیدوار کا فارم بھرا جائے گا۔فارم بھرنے کی ترتیب درج ذیل ہیں۔

1۔bsmeb.org پر کلک کریں گے۔

2۔User ID Password سے Madrasa Dashboard لاگ ان کریں گے۔

3۔New Registration پر کلک کریں گے۔

4۔Candidate Information داخلہ رجسٹر کی بنیاد پر پر کریں گے۔

5۔Color Photo(50KB) اور Signature(25KB) کا اپلوڈ کریں گے۔

6۔Click here to Preview پر کلک کر کے درج کی گئی تفصیل جانچ لیں گے۔

7۔Final Submitt کے بعد Fees Payment کریں گے۔

8۔Payment Receipt پر کلک کر کے Receipt حاصل کریں گے۔

نوٹ۔ ❖ تمام صدرالمدرسین/انچارج صدرمدرسین کو ہدایت دی جاتی ہے کہ ضابطہ کے مطابق مقررہ طلباوطالبات کی تعداد لازمی ہے۔بصورت دیگر متعلقہ صدرالمدرسین/انچارج صدرمدرسین کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔

❖ متذکرہ ترتیب کے مطابق فارم بھرنے میں کسی طرح کی پریشانی ہو تو درج نمبر پر دفتری اوقات میں رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے:7033438555۔

بحکم چیئرمین

(دستخط ناقابل تفہیم)

ناظم امتحانات

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

30.06.26